بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

نمبر: 1540-جی-آر مورخہ: 26-6-26

سرکلر

جناب پرنسپل

الحاق شدہ جملہ کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز،

فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ اضلاع

عنوان:۔ گیارہویں جماعت میں پاس 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے اور غیر حاضر طلبہ کی ری ایڈمشن کی تاریخ اور رجسٹریشن آن لائن کٹ لسٹ کی مصدقہ ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں جمع کروانے کا شیڈول۔

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!

مطلع کیا جاتا ہے کہ فرسٹ ائیر میں ری ایڈمشن کے لیے درج ذیل شیڈول منظور کیا گیا ہے۔

نمبر شمار	فرسٹ ائیر میں ری ایڈمشن طلبہ کا داخلہ Online رجسٹریشن اور بنک میں فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ	اداروں میں داخلہ، آن لائن رجسٹریشن کی ڈیٹا انٹری کرنے، بنک میں فیس جمع کروا کے کمپیوٹرائزڈ اصل بنک چالان اور مصدقہ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن، ریونیولسٹ، فارورڈنگ لیٹر کی ہارڈ کاپی بورڈ میں جمع کروانے کی حتمی تاریخ
1	24-11-2026تا26-10-2026	24-11-2026
2	رجسٹریشن فیس	1200روپے فی طالب علم
3	پراسیسنگ فیس	1000روپے فی طالب علم
4	سپورٹس فیس	280روپے فی طالبعلم
5	سکالرشپ	150روپے فی طالبعلم

وضاحتی نوٹ

1۔ مطلع کیا جاتا ہے کہ فرسٹ ائیر میں پاس/ 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے اور غیر حاضر رہنے والے اور صرف رجسٹرڈ ہونیوالے طلبہ فیصل آباد بورڈ کی حدود میں واقع کسی بھی الحاق شدہ ادارہ میں اپنی مرضی سے پچھلا نتیجہ چھوڑ کر اپنے ہی گروپ/کمبی نیشن یا تبدیل کر کے اپنے پہلے سے الاٹ شدہ رجسٹریشن نمبر کے تحت ری ایڈمٹ ہو سکتے ہیں نیز پاس امیدواران جو اپنے حاصل کردہ نمبروں سے غیر مطمئن ہونے کے باعث گیارہویں جماعت میں دوبارہ (Re-Admission) ہونے کے خواہش مند ہیں وہ اپنے نتیجہ کی منسوخی کی بابت بیان حلفی اور درخواست (نمونہ بیان حلفی بورڈ کی ویب سائٹ پر موجود ہے) اپنے متعلقہ ادارہ میں ہی جمع کروائیں گے اور ادارہ پاس امیدواران کا بیان حلفی اور درخواست، ری ایڈمشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ساتھ رجسٹریشن برانچ میں جمع کروانے کا پابند ہوگا بصورت دیگر سربراہ ادارہ ذمہ دار ہوگا۔

2- ایسے امیدواران جو سابقہ پانچ سال 2026-2022 میں ایک مرتبہ انٹر پارٹ ون میں شامل امتحان ہوئے ہوں۔ اس کے بعد کسی بھی کالج میں ری ایڈمشن حاصل نہ کیا ہو اور نہ ہی کسی بورڈ میں انٹر پارٹ سیکنڈ کا داخلہ فارم ارسال کیا ہو۔ ایسے امیدواران کو ری ایڈمشن کی اجازت صرف ایک بار ہوگی۔ واضح رہے کہ ری ایڈمشن کی صورت میں امیدوار پوزیشن کے حصول کا حق دار نہ ہوگا۔

3۔ آن لائن کٹ لسٹ کی مصدقہ ہارڈ کاپی بمعہ اصل کمپیوٹرائزڈ بینک چالان دفتر میں شیڈول کے مطابق جمع کروائیں۔ مقررہ شیڈول کے مطابق کٹ لسٹ کی کاپی وصول نہ کروانے کی صورت میں مبلغ -/700 روپے یومیہ لیٹ فیس لاگو ہوگی۔

ڈاکٹر سلیم تقی شاہ
سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع:

1۔ چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ایجوکیشن) فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ اضلاع۔
2۔ فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ اضلاع کے جملہ کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز کے سربراہان ادارہ۔
3۔ ڈائریکٹر کالجز فیصل آباد ڈویژن، فیصل آباد
4۔ داخلی تقسیم

CamScanner